Department of Health & Social Care

UNIVERSITY OF OXFORD

Office for National Statistics

**تحقیق کے لیے رابطہ (انگلستان):** IQVIA **0800 085 6807**
**تحقیق کے لیے رابطہ (ویلز):** IQVIA **0800 917 9323**
**تحقیق کے لیے رابطہ (شمالی آئرلینڈ):** IQVIA **0800 917 5825**
**تحقیق کے لیے رابطہ (اسکاٹ لینڈ):** IQVIA **0800 917 5824**

# کوویڈ-19 انفیکشن سروے

ماضی اور حال کے کوویڈ-19 انفیکشنز کے ملکی سطح کے سب سے بڑے سروے میں حصہ لیں۔
**آپ کی مدد اِس عالمی وباء کا حل تلاش کرنے، ہم سب کو معمول کی زندگی کی جانب لوٹانے میں مدد کرے گی۔**

## یہ سروے کس بارے میں ہے؟

- سروے کا مقصد یہ پتہ چلانا ہے کہ کتنے لوگوں کو کوویڈ-19 ہے، علامات کے ساتھ یا علامات کے بغیر۔
- یہ خاص طور پر اہم ہو جائے گا جب زیادہ لوگ کوویڈ-19 کے خلاف حفاظتی ٹیکے لگوا لیں گے۔ اگرچہ حفاظتی ٹیکے بہت اچھے سے کام کرتے ہیں لیکن وہ لوگوں کو دوبارہ وائرس ہونے سے نہیں بچا سکتے نہ ہی ماضی میں ہونے والا کوویڈ-19 بچا سکتا ہے۔ ہمیں یہ نگرانی کرنے کی ضرورت ہے کہ حفاظتی ٹیکے حقیقی دنیا میں کیسے کام کرتے ہیں، اور کیسے ماضی میں ہونے والے کوویڈ-19 اور حفاظتی ٹیکوں کا امتزاج وائرس کو پھیلنے سے روکتا ہے۔
- سروے کا مقصد یہ بھی معلوم کرنا ہے کہ کتنے لوگوں کو پہلے ہی کوویڈ-19 ہو چکا ہے۔ یہ اُن کے خون میں اینٹی باڈیز کی سطح جانچ کر کیا جاسکتا ہے۔
- اپریل 2020 سے آفس فار نیشنل سٹیٹکس اور یونیورسٹی آف آکسفرڈ یوکے کی حکومت کی جانب سے سروے کر رہے ہیں۔

نمونہ

Scottish Government
Riaghaltas na h-Alba
gov.scot

HSC Health and Social Care

Llywodraeth Cymru
Welsh Government

**تحقیق کا خلاصہ**
**کوویڈ-19 انفیکشن سروے** | **ورژن 7.0 تاریخ:** 1 فروری 2021 | **ایتھکس حوالہ:** 20/SC/0195
**آئی آر اے ایس پراجیکٹ آئی ڈی:** 283248 | **چیف محقق:** پروفیسر این سارہ واکر

## مجھے حصہ لینے کے لیے کیوں کہا گیا ہے؟

- کورونا وائرس کے خلاف جاری جنگ میں ہمیں آپ جیسے گھرانوں کی ضرورت ہے کہ وہ اُن ہزاروں گھرانوں میں شامل ہو جائیں جو کہ پہلے ہی کوویڈ-19 انفیکشن سروے میں حصہ لے رہے ہیں۔
- ہم صرف اُن لوگوں کو ہی ٹیسٹ نہیں کر رہے جن میں وائرس ہونے کی علامات، جیسے بخار یا کھانسی، ہوں کیونکہ ہمیں علم ہے کہ بعض اوقات لوگوں کو علامات کے بغیر بھی وائرس ہو سکتا ہے۔
- تحقیق میں شامل ہونا مکمل طور پر آپ کی مرضی ہے۔ آپ کی طرف سے دی گئی تمام تر معلومات کو قانونی تحفظ حاصل ہے اور اِسے صیغۂ راز میں رکھا جائے گا۔
- سروے میں حصہ لینے والے لوگ جب اہل ہوں تو وہ کوویڈ-19 کے حفاظت ٹیکے لگوا سکتے ہیں – اور جو لوگ کوویڈ-19 کے حفاظتی ٹیکے لگوا چکے ہوں وہ سروے میں حصہ لے سکتے ہیں۔

## سروے میں کیا ہوتا ہے؟

- **سب سے پہلے تو آپ کو حصہ لینے کے لیے رجسٹر ہونا ہوگا (براہ مہربانی پشت ملاحظہ کریں)**، اِس کے بعد اپوائنٹمنٹ بنانے کے لیے آپ سے رابطہ کیا جائے گا۔
- اپوائنٹمنٹ میں سروے ٹیم کا ایک رکن آپ کے گھر آئے گا۔ وہ 2 سال سے زیادہ عمر کے ہر فرد کے بارے میں چند سوال پوچھیں گے جو حصہ لینے کے متمنی ہوں۔
- وہ 12 سالہ یا زیادہ عمر کے افراد کو دکھائیں گے کہ حلق اور ناک سے روئی کے چھوٹے گولوں (سوابز) کی مدد سے نمونے کیسے لیے جاتے ہیں جنہیں وائرس کے لیے ٹیسٹ کیا جائے گا۔ سواب ایک نرم اسفنج ہوتا ہے جو کہ ایک ڈنڈی پر لگا ہوا ہوتا ہے اور تکلیف نہیں پہنچاتا۔ والدین یا کیئررز 12 سال سے کم عمر بچوں کی مدد کرسکتے ہیں۔
- ہم 16 سال یا زیادہ عمر والے لوگوں کا کچھ خون بھی لیں گے۔ آپ کو اِس کے لیے راضی ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ خون یا تو پی پی ای پہنے ہوئے سروے ٹیم کا کوئی رکن براہ راست خون کی شریان سے لے گا یا کوئی فرد خود فنگر پرِک کے ذریعے یعنی انگلی سے نکالے گا۔ سروے ٹیم کا کوئی رکن تب تک آپ کے گھر میں داخل نہیں ہو گا جب تک اُنہیں شریان سے خون نکالنے کی ضرورت درپیش نہ ہو۔

### آپ راضی ہو سکتے ہیں:

**اے** صرف پہلی وزٹ کے لیے

**بی** پہلی وزٹ اور ایک ماہ کے لیے ہر ہفتے میں ایک بار وزٹ کے لیے (کل 5 وزٹ)

**سی** پہلی وزٹس، ایک ماہ تک ہر ہفتے وزٹ، اور پھر اپریل 2022 تک ماہانہ وزٹس (کم از کم مجموعی طور پر 16 وزٹس، اِس بات کا انحصار اس پر ہے کہ آپ نے سروے میں شمولیت کب اختیار کی تھی)

نمونہ

# مجھے حصہ کیوں لینا چاہیے؟

- کورونا وائرس ہم سب پر مسلسل اثرانداز ہو رہا ہے۔ مل جُل کر ہم وہ اہم معلومات فراہم کر سکتے ہیں جو اِس عالمی وباء کا توڑ تلاش کرنے، ہم سب کو معمول کی زندگی کی جانب لوٹانے میں مدد کرے گی۔
- آپ کے علاقے میں انفیکشنز کی ایک سریع اور قابل اعتبار تصویر یہ یقینی بنانے میں مدد کرے گی کہ لوکل توڑ مناسب اور موثر ہے۔
- 2021 اور 2022 کے دوران ہزار ہا گھرانے سروے میں حصہ لیں گے۔ ایسا اِس لیے ہے تاکہ ہم دیکھ سکیں کہ وقت گزرنے کے ساتھ وائرس کو کیا ہوتا ہے خاص طور پر جب زیادہ لوگوں کو حفاظتی ٹیکے لگیں گے۔
- نتائج پہلے ہی شیئر کیے جار رہے ہیں تاکہ ہر کسی کو پتہ چلے کہ ہم کیا دریافت کر رہے ہیں **(www.ndm.ox.ac.uk/covid-19/covid-19-infection-survey/results).**
ان معلومات میں آپ یا آپ کے خاندان کا نام کہیں پر نہیں لیا جائے گا۔

## میں کیسے حصہ لوں:

**حصہ لینے کے لیے آپ کو جتنی جلدی ممکن ہو ہمارے ساتھ رجسٹر ہونا ہو گا:**

1. رجسٹریشن ٹیم کو **0800 085 6807 (انگلستان)**، **0800 917 9323 (ویلز)**، **0800 917 5825 (شمائی آئرلینڈ)**، **0800 917 5824 (اسکاٹ لینڈ)** پر فون کریں۔ اگر آپ فون استعمال نہ کر پائیں، مثال کے طور پر سُننے یا بولنے کی معذوری کی وجہ سے، تو آپ **iqvia.covid19survey@nhs.net** کو ای میل کر سکتے ہیں۔
2. ایک بار جب آپ رجسٹر ہو جائیں تو اگلی بار ہم آپ سے اُس وقت رابطہ کریں گے جب سروے ٹیم کا ایک رکن مجوزہ وزٹ سے ایک دن قبل آپ سے رابطہ کرے گا۔ اگر یہ وقت آپ کے لیے موافق نہ ہو تو آپ اِسے تبدیل کر سکتے ہیں۔ ہم آپ سے رجسٹر ہونے کے بعد اگلے ہفتے کے دوران آپ سے رابطہ کرنے کی کوشش کریں گے۔
3. اپوائنٹمنٹ کے دن پر سروے ٹیم کا ایک رکن وزٹ مکمل کرنے کے لیے آپ کے گھر آئے گا۔ شریان میں سے خون لینے والا ہر ٹیم میمبر ایسا کرنے کی قابلیت کا حامل ہے۔ براہ مہربانی سروے ٹیم کے رکن کو اُس وقت تک گھر میں داخل ہونے کی دعوت نہ دیں جب تک کہ اُنہیں خون نہ نکالنا ہو۔
4. شکریہ کے طور پر **سروے مکمل کرنے والے ہر فرد کو £50 کا واؤچر پیش کیا جائے گا۔**

## حصہ لینے کے لیے مجھے کیا ملے گا؟

- سروے میں حصہ لینے والے ہر فرد کو مکمل کی جانے والی پہلی ہوم زوٹ کے لیے £50 کا واؤچر ملے گا۔
- بعد میں مکمل کی جانے والی ہر وزٹ کے لیے اُن میں سے ہر ایک کو £25 کا واؤچر ملے گا۔

**یہ صرف اُن وزٹس کے لیے ہیں جو وہ مکمل کریں گے؛ مثلاً، اگر سروے رک جائے تو آپ کو اُن وزٹس کے لیے کوئی معاوضہ نہیں ملے گا جو کہ ہوئی ہی نہیں۔**

## میرے ڈیٹا کا کیا ہو گا؟

- آپ کی طرف سے دی گئی تمام تر معلومات کو قانونی تحفظ حاصل ہے اور اِسے صیغۂ راز میں رکھا جائے گا۔
- یہ تمام نمونے آفس آف نیشنل سٹیٹسٹکس اور یونیورسٹی آف آکسفرڈ کی جانب سے اکٹھے کیے جائیں گے۔
- اِن تمام نمونوں کی ٹیسٹنگ یونیورسٹی آف آکسفرڈ اور نیشنل لائٹ ہاؤس لیبارٹریز کریں گی۔
- آپ کی طرف سے مکمل کردہ تمام ٹیسٹ کے نتائج آپ کو بتائے جائیں گے۔
- یہ سروے کرنے والی کمپنیاں آپ کی معلومات صرف اِس سروے کے لیے ہی استعمال کریں گی **- براہ مہربانی مزید تفصیل کے لے پارٹیسیپنٹ انفارمیشن شیٹ یعنی حصہ لینے والوں کے لیے معلوماتی مقارچہ ملاحظہ کریں۔**

## مزید معلومات اور مفید ویب سائٹس:

اِس خلاصے کے چند ترجمے اور سروے کے بارے میں دیگر معلومات **https://www.ons.gov.uk/surveys/informationforhouseholdsandindividuals/householdandindividualsurveys/covid19infectionsurveycis/furtherhelp#study-materials-in-other-languages** پر دستیاب ہیں

مزید معلومات کے لیے حصہ لینے والوں کے لیے مفصل معلوماتی مقارچہ ملاحظہ کریں جو کہ اِس لیف لیٹ کے ساتھ آیا تھا، یا **www.ons.gov.uk/cis** پر یا **www.gov.wales/covidinfectionsurvey** پر جائیں

**اگر آپ لیف لیٹ میں بیان کردہ کسی طرح کے مسائل سے بھی متاثر ہوتے ہوں یا آپ کوویڈ-19 کے بارے میں معلومات کے متلاشی ہوں تو براہ مہربانی وزٹ کریں:**

- کورنا وائرس کی وضاحت: **coronavirusexplained.ukri.org/en/**
- حکومتی گائڈلائنز: **www.gov.uk/coronavirus** **(انگلستان)**، **www.gov.wales/coronavirus** **(ویلز)**، **https://www.nidirect.gov.uk/campaigns/coronavirus-covid-19** **(شمالی آئرلینڈ)**، **https://www.gov.scot/collections/coronavirus-covid-19-guidance/** **(اسکاٹ لینڈ)**
- این ایچ ایس ایڈوائس یعنی مشورہ: **https://www.nhs.uk/conditions/coronavirus-covid-19/** **(انگلستان)**، **www.gov.wales/coronavirus** **(ویلز)**، **https://www.nidirect.gov.uk/articles/coronavirus-covid-19-overview-and-advice** **(شمالی آئرلینڈ)**، **https://www.nhsinform.scot/illnesses-and-conditions/infections-and-poisoning/coronavirus-covid-19** **(اسکاٹ لینڈ)**
- Samaritans - ہر ایک کے لیے جذباتی سپورٹ: **www.samaritans.org**
- Mind - ذہنی صحت کے مسائل سے دوچار کسی بھی فرد کے لیے مشورہ اور سپورٹ **www.mind.org.uk**